راجیو گاندھی کو یاد کر کے جذباتی ہوئیں پرینکا گاندھی

ساجھا کی بچپن کی یادیں، کارکنان کی بھی آنکھیں ہوئیں نم

امیٹھی (ایس این بی)

کانگریس کی قومی جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی دیررات بہادر پور کے تیندوا گاؤں میں منعقد کارکنان کانفرنس کے دوران اپنے والد راجیو گاندھی کے وقت کی امیٹھی، ان کے دورے، ان کی شہادت اور امیٹھی کے ساتھ جذباتی رشتے کی یادوں کو ساجھا کیا۔ اس دوران سامنے بیٹھے لوگ بھی جذباتی ہوگئے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے اپنی زندگی میں کسی انسان کو پوجا تو وہ میرے والد راجیو گاندھی جی تھے۔ چھوٹی سی تھی، ان کے پیچھے پیچھے گھومتی تھی، پہلی بار جب میں امیٹھی آئی شاید اسوقت دس برس کی تھی۔ مجھے یاد ہے چپ چاپ ان کے پیچھے بیٹھی تھی، وہ جیپ چلاتے تھے۔ راہل اور میں پیچھے بیٹھ کر ایک دوسرے سے نوک جھونک کر کے دیکھتے تھے کہ ابو جی کیا کر رہے ہیں۔ کس طرح لوگوں سے مل رہے ہیں، پیار سے مل رہے ہیں، پہلی سیکھ ملی کہ ایک لیڈر اور عوام کے درمیان کتنا پیار ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امیٹھی میرا وہ پریوار ہے جس کے ساتھ جذباتی رشتہ ہے۔ یہ رشتہ کبھی نہیں ٹوٹے گا۔ کارکنان سے انہوں نے کہا کہ آپ نے پہلے بھی مشکل حالات میں الیکشن جیتا ہے، پورا زور لگائیے اور جیت کر دکھائیے، میں یہاں آئی ہوں آپ کے ساتھ مل کر لڑوں گی اور الیکشن جیت کا دکھاؤں گی۔ پرینکا گاندھی نے کہا کہ والد راجیو گاندھی جی کے قتل کے بعد میرا پریوار سیاست میں نہیں آنا چاہتا تھا لیکن کانگریس کو بچھڑتا اور والد کے بُنے گئے خوابوں کو یاد کر کے دوبارہ گاندھی پریوار سیاست میں آیا۔ انہوں نے کہا کہ آپ امیٹھی کے رہنے والے ہیں آپ کے ممبر پارلیمنٹ وزیر اعظم تھے، جھک کر آپ کے پاس آتے تھے۔ یہ وزیر اعظم چار بار بنارس میں الیکشن جیتے ہیں لیکن کسی گاؤں یا ایک گلی میں نہیں گئے۔ بڑے بڑے منچوں پر نظر آتے ہیں، فوٹو کھنچواتے ہیں، پکچر بنواتے ہیں، کرتے میں داغ نہ لگے، کیا سمجھیں گے آپ اور آپ کی زندگی کے بارے میں۔ وہ ہمیشہ جھوٹ سے گھرے رہتے ہیں۔ بہکی بہکی صرف باتیں کرتے ہیں، ان پر لوگ ہنس رہے ہیں۔ ان کے صلاحکار اور افسران ان سے ڈرتے ہیں۔ پرینکا گاندھی نے کہا کہ یہ عوام کا الیکشن ہے، یہاں کے کارکنان ہمت سے ڈٹ کر الیکشن لڑے ہیں، یہ الیکشن آپ لوگ ایسے لڑیں جیسے آپ کا الیکشن ہو۔ ان کو دھن بل سے الیکشن لڑنے دو، ہم عوام کے دم پر الیکشن لڑیں گے۔ یہ جمہوریت، آئین اور ملک کی لڑائی ہے۔ یہ کشوری لال شرما کے لیے الیکشن نہیں آپ اپنے حق اور ملک کے لیے لڑ رہے ہیں۔ آپ لوگ گھر گھر جائیں اور کانگریس کے بارے میں بتائیں کہ کانگریس نے کیا کیا ہے۔ کانفرنس میں کانگریس امیدوار کشوری لال شرما، کانگریس ضلع صدر پردیپ سنگھل، سابق ایم ایل سی دیپک سنگھ، سپا ضلع صدر رام اودت یادو، میڈیا کوآرڈینیٹر اروند چترویدی، سابق ضلع صدر یوگیندر مشرا، ترجمان انل سنگھ سمیت ہزاروں کی تعداد میں لوگ موجود تھے۔

الیکشن سے متعلق سبھی کام وقت مقررہ پر انجام دیں

معلومات پوری سنجیدگی سے حاصل کرلیں، تاکہ کسی طرح کی پریشانی نہ ہو: ڈی ایم

بارہ بنکی (ایس این بی)

ضلع الیکشن افسر ستیندر کمار نے آج افسران اور ملازمین کو ہدایت دی کہ وہ الیکشن سے متعلق سبھی ذمہ داریاں وقت مقررہ اور شفاف طریقے سے انجام دیں۔ انہوں نے الیکشن کے سلسلے میں ووٹروں، امیدواروں، ان کے ایجنٹوں کو الیکشن کمیشن کی ہدایت کے مطابق مطمئن کرنا بھی افسران اور ملازمین کی اولین ترجیح ہونا چاہئے۔

آج صبح نوین منڈی استھل میں ای وی ایم اور وی وی پیٹ کی کمیشننگ سے متعلق کاموں کا جائزہ لینے کے بعد انہوں نے یہاں موجود افسران اور ملازمین کو خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہر افسر اور ملازم بغیر کسی تکلف کے ای وی ایم اور وی وی پیٹ کی کارکردگی کی پوری معلومات پوری سنجیدگی سے حاصل کرلیں اور ماسٹر ٹریز سے بلا جھجھک دریافت کرلے تاکہ پولنگ کے دوران کسی طرح کی دشواری پیش نہ آئے۔ انہوں نے خود بھی ای وی ایم کے بی یو سی یو اور بیلٹ یونٹ کے کنکشن جوڑنے کی طریقے کو سمجھا اور سوال و جواب کیے۔ اس موقع پر اسسٹنٹ الیکشن افسر اے ڈی ایم ارون کمار سنگھ، ایس ڈی صدر وجے کمار ترویدی سمیت دوسرے افسران و ملازمین بڑی تعداد میں موجود تھے۔

اکھلیش یادو کی آمد کل

بارہ بنکی (ایس این بی)

کاغذات نامزدگی واپس لینے کے بعد شروع ہوئی لوک سبھا الیکشن کی الیکشنی مہم اب شباب پر آگئی ہے۔ آئندہ 12 مئی کو 11 بجے دن میں سماج وادی پارٹی کے قومی سربراہ اکھلیش یادو مقامی مورنگ منڈی میں ایلائنس امیدوار تنج پنیا کی حمایت میں ایک عوامی جلسہ کو خطاب کریں گے۔ ان کے ساتھ کانگریس پارٹی کے قومی جنرل سکریٹری اور یو پی کے انچارج اویناش پانڈے بھی ہوں گے۔ دوسری طرف وزیر اعظم نریندر مودی آئندہ 15 مئی کو بی جے پی امیدوار مسز راج رانی راوت کی حمایت میں قومی شاہراہ زید پور تراہے پر ہونے والی ریلی کو خطاب کریں گے۔ ان کے ساتھ وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ بھی ہوں گے۔

’مریضوں کی خدمت کرنا کارِ خیر‘

زندگی فاؤنڈیشن کے تحت مریضوں میں خوردنی اشیاء تقسیم

بارہ بنکی (ایس این بی) مریضوں اور ان کے تیمارداروں کی بے لوث خدمت کرنا سب سے اہم خدمت خلق ہے۔ خاص طور پر ضلع صدر اسپتال میں داخل مریضوں کو پھل، دودھ، بریڈ اور بسکٹ جیسی اشیاء کی تقسیم کرنا قابل قدر کام ہے۔ مذکورہ باتیں آج ضلع مہیلا اسپتال میں زندگی فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام مریضوں اور ان کے تیمارداروں کو کھانے پینے کی اشیاء کے کٹ تقسیم کرنے کی تقریب کو خطاب کرتے ہوئے مہمان خصوصی سی ایم ایس ڈاکٹر پردیپ کمار نے کہیں۔ فاؤنڈیشن کے صدر زہیر انجم خاں نے کہا کہ فاؤنڈیشن طویل عرصے سے یہ خدمت انجام دے رہی ہے۔ اس کے علاوہ فاؤنڈیشن جاڑوں میں لوگوں کو سرد لہر سے بچانے کے لیے کمبل تقسیم کرنے کا کام کرتی ہے۔ مہمانوں کا خیر مقدم جنرل سکریٹری سردار منجیت سنگھ دھامی نے کہا کہ اس موقع پر فاؤنڈیشن نے آئندہ 20 مئی کو بڑے پیمانے پر اپنے حق رائے دہی کا استعمال کرنے کی اپیل کی۔ تقریب میں ڈاکٹر جتیندر کمار یادو، جاوید شاہد، راجیو شریواستو، محمد دانش خاں اور نصرین صدیقی سمیت دوسرے لوگ موجود تھے۔

لوٹ کی وارداتوں کا پردہ فاش، 4 گرفتار

چوری کے 6 موبائل اور 2 موٹر سائیکلیں برآمد

بارہ بنکی (ایس این بی)

ضلع کی صفدر گنج پولیس ٹیم نے آج چار شاطر لٹیروں کے گروہ کو گرفتار کر کے گزشتہ دنوں ہونے والی لوٹ کی چار سنسنی خیز وارداتوں کا پردہ فاش کر کے ان کے قبضہ سے لوٹے گئے چھ موبائل اور چوری کی دو موٹر سائیکلیں برآمد کی ہیں۔ ایس پی دفتر سے جاری ریلیز میں بتایا گیا ہے کہ سرکل افسر صدر سمت ترپاٹھی کی قیادت میں پولیس ٹیم نے مینول انٹلی جنس کی بنیاد پر آج نریندر ولد راکیش ساکن دھرولی تھانہ رام سنیہی گھاٹ، شیوم ولد رام بابو ساکن دھرولی، آدتیہ کمار عرف چھوٹو ولد سوہن لال ساکن جلال پور تھانہ صفدر گنج، سمت یادو ولد رام سفل یادو ساکن مالی پور تھانہ رام سنیہی گھاٹ کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے لوٹے گئے چھ موبائل جن میں سے دو کے لوٹ کے مقدمہ تھانہ صفدر گنج میں پہلے سے درج ہیں برآمد کیے گئے۔

لٹیروں کے قبضہ سے موٹر سائیکل نمبر یو پی 41 ایو ارڈ 8042 جس کی چوری کا مقدمہ تھانہ رام سنیہی گھاٹ میں درج ہے برآمد کی ہے۔ ملزمان نے پوچھ گچھ میں بتایا کہ ان کا منظم گروہ ہے جو بارہ بنکی اور آس پاس کے اضلاع میں راہ چلتے لوگوں سے لوٹ پاٹ کرتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ لوٹے گئے موبائل وہ دوسرے لوگوں کو اپنی مجبوری بتا کر فروخت کر کے اپنے مہنگے شوق پورے کرتے ہیں۔

ملزمان نے بتایا کہ وہ لوٹی گئی یا چوری کی گئی موٹر سائیکلیں ان کے نمبر پلیٹ تبدیل کر کے فروخت کر لیتے ہیں۔ اڈیشنل ایس پی مغربی ڈاکٹر اکھلیش نرائن نے بتایا کہ ملزمان نے برآمد دو موبائل اور دونوں موٹر سائیکلیں لوٹنے اور چوری کرنے کا اقبال کیا۔ باقی چار موبائل کے سلسلے میں آس پاس کے اضلاع سے معلومات حاصل کی جا رہی ہیں۔ پولیس ٹیم میں انسپکٹر سدھیر کمار سنگھ سمیت دوسرے افسران شامل تھے۔

مشتبہ حالات میں ٹرک ڈرائیور کی لاش برآمد

رائے بریلی (ایس این بی)

اونچاہار کوتوالی حلقہ کے تحت رفع حاجت کے لیے گیے ٹرک ڈرائیور کی مشتبہ حالت میں موت ہوگئی، اطلاع ملنے پر پولیس نے لاش کو قبضے میں لے کر پوسٹ مارٹم کے لیے بھجوا دیا۔ ہرچند پور تھانہ علاقہ کے پورے گنیشی موضع کٹھوارہ گاؤں کا رہنے والا جے پرکاش 43 سالہ ٹرک ڈرائیور تھا جو جمعرات کو پریاگ راج ضلع کے بارہ سے سیمنٹ لوڈ کرنے کے بعد بجنور جا رہا تھا کہ اس میں خرابی کی وجہ سے ٹرک کی مرمت کے لیے وہ علاقے کے مداری گنج میں واقع ایک دکان میں ٹرک کی مرمت کروانے لگا۔ دیر شام اس کی لاش لکھنؤ پریاگ راج ہائی وے کے کنارے جھاڑیوں میں پڑی ہوئی ملی۔ مقامی لوگوں کی اطلاع پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر اسے پوسٹ مارٹم کے لیے بھیج دیا ہے۔ خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے کہ ٹرک ڈرائیور کی موت گرمی یا ضرورت سے زیادہ نشہ کے باعث ہوئی ہوگی۔ کوتوال انل کمار سنگھ نے بتایا کہ لاش کو قبضے میں لے کر پوسٹ مارٹم کے لیے بھیج دیا گیا ہے۔ رپورٹ آنے کے بعد موت کی اصل وجہ معلوم ہوگی۔

وکلاء طبقہ سماج کا سب سے بڑا دانشور: تنج پنیا

ضلع کچہری میں وکلاء سے براہ راست رابطہ کر کے ووٹ مانگا

بارہ بنکی (ایس این بی)

وکلاء سماج کا سب سے بڑا دانشوروں کا طبقہ ہے۔ اس وکلاء کو خود احساس ہوگا کہ بھارتیہ جنتا پارٹی کی حکومت میں آئین ہند اور ملک کے جمہوری نظام خطرہ میں ہے۔ جمہوریت اور آئین کی سب سے زیادہ بچانے کی ذمہ داری وکلاء کی ہے کیونکہ آپ آئین اور جمہوریت کے محافظ ہیں۔ مذکورہ خیالات آج انڈیا ایلائنس کے کانگریس امیدوار تنج پنیا نے ضلع کچہری میں وکلاء سے براہ راست رابطہ کر کے ووٹ مانگنے کے دوران ظاہر کیے۔ انھوں نے کہا کہ آپ کا ہمارا راشتہ بہت پرانہ ہے۔ آپ نے میرے والد ڈاکٹر پی ایل پنیا کو بہت محبت دی۔ انھوں نے آپ کے جذبات کی بہت قدر کی اور وکلاء کے لیے جتنا ممکن تھا وہ کیا۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ اگر آپ کی محبت سے مجھے موقع ملا تو میں کبھی مایوس نہیں کروں گا۔ تنج پنیا نے کہا کہ کانگریس پارٹی کے الیکشنی منشور میں 5 انصاف اور 25 گارنٹی دی گئی ہیں جس کو انڈیا ایلائنس کی حکومت بننے کے بعد ہی ہر قیمت پر پورا کیا جائے گا۔ انھوں نے کہا کہ تاریخ گواہ ہے کہ جنگ آزادی اور اس کے بعد آزاد ہندوستان کی تعمیر و ترقی میں وکلاء نے بیش قیمتی خدمات انجام دی ہیں۔ آج ملک کا آئین اور جمہوریت خطرہ میں ہے، جس کو بچانے کی سب سے زیادہ ذمہ داری وکلاء کی ہے۔ انھوں نے مال، فوجداری اور سول کچہری میں گھوم گھوم کر وکلاء سے رابطہ قائم کیا۔ اس موقع پر صدر ضلع بار ایسوسی ایشن حصال باری قدوائی، سینئر نائب صدر دویندر پرتاپ یادو، نائب صدر راکیش کمار تیواری، سابق صدر برجیش دکشت، سریندر پرتاپ سنگھ، محمد اظہار صدیقی، وریندر پرتاپ سنگھ یادو، رمن دویدی، کوشل کشور ترپاٹھی، سریش شریواستو، سریندر مشرا، اقبال راہی، او پی سنگھ، دانش صدیقی، سردار آلوک سنگھ، سنتوش یادو ایڈووکیٹ، دولتا کماری ایڈولیٹ، بھارت سنگھ یادو سمیت وکلاء کی بڑی تعداد موجود تھی۔

ووٹر بیداری مہم

محمود آباد - سیتاپور

(ایس این بی) ووٹر بیداری مہم کے تحت ایک پروگرام ہوا جس میں ووٹ کی طاقت اور ووٹ کی اہمیت اور اس کے استعمال کو یقینی بنانے کے سلسلے میں کمپوزٹ اسکول رمکنڈہ میں ایک پروگرام ہوا جس میں طلبا و طالبات نے مختلف پروگراموں کے ذریعہ ووٹ کی اہمیت اور ہر قیمت پر اپنے حق رائے دہی کے استعمال کے لیے بیدار کیا۔ مذکورہ پروگرام میں مختلف اسکولوں کی ٹیچرس نے پروگرام کے ذریعہ ووٹ کے استعمال کے لیے لوگوں کو بیدار کیا۔ اس موقع پر بلاک ایجوکیشن افسر سیما چوہان، شبانہ خان، صائمہ خاتون، پنیت ورما، سندیپ ورما، نیلم بھارگو، چاندنی گپتا، نینسی شریواستو، افسانہ خاتون، رنجنا مشرا، اونیتکا، سپنا، جیوتی، مونیکا، ہیما وغیرہ موجود تھے۔

ٹرک اور اسکارپیو میں ٹکر، 3 کی موت 10 زخمی

گونڈہ-اجودھیا اسٹیٹ ہائی وے پر تھانہ وزیر گنج کے صاحبہ پور کے پاس ہوا حادثہ



مشاہد نگر، گونڈہ (ایس این بی) جمعہ کو اجودھیا سے منڈن کرا کے واپس آتے وقت گونڈہ-اجودھیا ہائی وے پر راجا سگر اصاحبہ پور موڑ پر اسکارپیو اور ٹرک کے درمیان زبردست تصادم ہوگیا۔ اسکارپیو میں 15 افراد سوار تھے جس میں تین افراد موقع پر ہی ہلاک ہوگئے۔ اسکارپیو میں بیٹھے دیگر افراد شدید زخمی ہوگئے۔ انہیں علاج کے لیے ضلع اسپتال لے جایا گیا جہاں کئی کی حالت نازک بنی ہوئی ہے۔ اس حادثے میں اسکارپیو پوری طرح سے تباہ ہوگئی۔ حادثہ میں ایک خاتون اور ایک مرد کے ساتھ ایک بچے کی موت ہوئی ہے، جب کہ اسکارپیو میں سوار 10 افراد شدید زخمی ہوگئے ہیں۔ ہائی وے پر ہوئے اس حادثہ میں وزیر گنج تھانہ علاقے کے نگوا کے رہنے والے اندرا بالی کا بیٹا ماتادین (50)، اسکارپیو ڈرائیور، نواب گنج تھانہ علاقے کے ویشنو ہرپور کی رہنے والی رانی (40)، بیوی آنند تیواری اور وزیر گنج تھانہ علاقہ کے نگوا کے رہنے والے شیو پوجن مشرا کے 8 سالہ بیٹے شلوک کی موقع پر ہی موت ہوگئی جبکہ نگوا گاؤں کی رہنے والی موہنی مشرا (28)، بیٹی دھرم دت مشرا، نیہا مشرا (45) اہلیہ دھرم دت مشرا، پریتی تیواری (30) مہیش مشرا، ہمیش (28) ولد دھرم دت مشرا، آدرش پانڈے (22) ولد کملیش پانڈے، بڑی پارا گاؤں کی رہنے والی رولی تیواری (14) بنت دھوپ راج تیواری، کوتوالی دیہات کے رام نگر ترہر گاؤں کی رہنے والی لکشمی تیواری (21) اور تاج پور گاؤں کی رہنے والی انشیکا پانڈے (14) بنت ونود پانڈے شدید طور پر زخمی ہوگئے جنہیں ضلع ہسپتال میں بھرتی کرایا گیا ہے۔ تھانہ انچارج وزیر گنج ابھے کمار سنگھ نے بتایا کہ حادثے کی اطلاع ملتے ہی موقع پر پہنچ کر زخمیوں کو علاج کے لیے ضلع ہسپتال بھیج دیا گیا ہے اور لاش کو قبضے میں لے کر پوسٹ مارٹم کو بھیجا گیا ہے۔

یہ الیکشن ملک کی حالت اور سمت بدل دے گا: راجیش ورما

محمود آباد - سیتاپور (ایس این بی) یہ الیکشن ملک کی حالت اور سمت بدلنے کا الیکشن ہے۔ پہلی بار نریندر مودی کی حکومت 2014 میں بنی، ملک کی معیشت دنیا میں 14 ویں نمبر تھی جسے وزیر اعظم نے دنیا کی پانچویں بڑی معیشت بنانے کے لیے کیا ہے۔ یہ باتیں ممبر پارلیمنٹ بی جے پی امیدوار راجیش ورما نے سیتا گروپ آف ایجوکیشن کے کانفرنس ہال میں منعقد آشیرواد تقریب کو خطاب کرتے ہوئے کہیں۔

انہوں نے ممبر اسمبلی آشا موریہ کے تعاون کا بھی ذکر کیا۔ انہوں نے وزیر اعظم نریندر مودی کو تیسری بار وزیر اعظم بنانے کی اپیل کی۔ آشا موریہ نے کہا کہ بی جے پی حکومت سے پہلے کی حکومتوں میں بدعنوانی اور مجرموں کا غلبہ تھا جبکہ آج ملک اور خطے میں ترقی ہو رہی ہے۔ سابق ایم ایل سی بھرت ترپاٹھی نے کہا کہ 400 سے زیادہ سیٹیں جیت کر مرکز میں تیسری بار حکومت بننے جا رہی ہے۔ اپنے ایم پی کو ریکارڈ ووٹوں سے کامیاب بنائیں۔ اس موقع پر سریش ورما، اتل ورما، سنتوش سنگھ، موہن پرساد باری، ڈاکٹر اے منتری مشرا و دیگر لوگ موجود تھے۔ سیتا پور گروپ کے چیئرمین رمیش باجپئی کی جانب سے مہمانوں کا گلپوشی کر کے استقبال کیا گیا۔ نظامت رمیش باجپئی نے کی۔

غریب بچوں میں کتابیں، کاپیاں اور ڈریس کی تقسیم

دریاباد-بارہ بنکی (ایس این بی) غریب بچوں میں کاپیاں، کتابیں، بیگ اور ڈریس تقسیم کیے گئے۔ آج تنظیم جن سہیوگ کلیان سیوا سمیتی کی جانب سے گیتا پبلک اسکول موضع سہولی میں غریب اور نادار بچوں میں کاپی کتابیں ڈریس تقسیم کیا گیا۔ معلوم ہو کہ اسی اسکول کی سینئر ٹیچر پونم وشوکرما نے اسکولی بیگ اور ڈریس وغیرہ تقسیم کیے۔ اس موقع پر تنظیم کے صدر سنیل کمار موریہ نے کہا کہ پونم وشوکرما نے غریب اور ضرورت مند بچوں کے لیے جو تعاون کیا ہے وہ قابل ستائش ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضرورت مند طالب علموں کی تعلیم کے لئے ہم سب کو آگے آنا چاہئے جس سے کوئی بچہ تعلیم سے محروم نہ رہ جائے اور وہ آگے چل کر تعلیم یافتہ بن سکے جس سے وہ اپنے والدین کے علاوہ ضلع و ملک کا نام روشن کر سکے۔ اس دوران تنظیم کے صدر سنیل کمار موریہ، منیجر پنکج ورما اور میڈیا انچارج اجے کمار چودھری نے فیصلہ کیا کہ جن سہیوگ کلیان سیوا سمیتی ہمیشہ غریب اور ضرورت مند بچوں کو تعلیم فراہم کرنے کا کام کرتی رہے گی۔ اس موقع پر اسکول میں موجود سینئر ٹیچر بال کرشن پاٹھک، پرنسپل راما نند، ڈائرکٹر پی این راوت نے سبھی مہمانوں کا استقبال کیا۔

پولیس بوتھ کے سامنے ملی پھل فروش کی لاش

افراتفری کا ماحول، گھر والوں نے قتل کا شبہ ظاہر کیا

جگدیش پور - امیٹھی

(ایس این بی)

گزشتہ شب پولیس بوتھ کے سامنے واقع دکان میں سو رہے پھل فروش کی مشتبہ حالات میں لاش پائی گئی۔ گھر والوں نے قتل کا شبہ ظاہر کرتے ہوئے تحریر دی ہے۔ پولیس نے لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے بھیج دیا ہے اور جانچ میں مصروف ہوگئی ہے۔ تھانہ حلقہ کے تحت جمعہ کی صبح جگدیش پور پولیس بوتھ سے چند قدم کی دوری پر جگناتھ ساہو ساکن پورے شہرت سنگھ کی پھل کی دکان ہے جہاں ہر روز کی طرح ان کا بیٹا پنکج ساہو (23) جو گھر سے کھانا کھانے کے بعد آ کر دکان پر ہی سوتا تھا۔ وہیں صبح جب جگناتھ اپنی دکان پر پہنچے تو دکان بند تھی۔ یہ دیکھ کر انہوں نے پنکج کو آواز دی لیکن کوئی حرکت نہیں ہوئی تو لگی کھڑکی کے جھروکھے سے دیکھا تو پنکج بدحواس پڑا ہوا تھا جس سے جگناتھ پریشان ہوگئے اور واقعہ کی اطلاع ہونے پر آس پاس کے لوگ موقع پر پہنچے اور اس کی اطلاع پولیس کو دی۔ موقع پر پہنچی پولیس نے اپنے اعلیٰ افسران کو اس کی اطلاع دی۔ متوفی نوجوان کے گھر والوں کی مانیں تو اس کے گلے اور ہونٹ پر چوٹ کے نشان صاف ظاہر ہو رہے تھے۔ نوجوان کی موت پر گھر میں کہرام مچ گیا۔ سرکل افسر مسافر خانہ اتل کمار سنگھ نے بتایا کہ گھر والوں کی تحریر پر نامعلوم لوگوں کے خلاف دفعہ 302 کا مقدمہ درج کر کے چھان بین جاری ہے۔ پوسٹ مارٹم رپورٹ آنے کے بعد موت کی وجہ معلوم ہو سکے گی۔

ضلع مجسٹریٹ نے کیا ای وی ایم گودام کا معائنہ

اجودھیا (ایس این بی) ضلع الیکشن افسر نتیش کمار نے کلکٹریٹ کے احاطے میں واقع ای وی ایم گودام کا معائنہ کیا اور 54-فیض آباد لوک سبھا حلقہ کے تحت آنے والے ضلع کی چاروں اسمبلیوں میں استعمال ہونے والی الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں کو ووٹنگ کے لئے ای وی ایم کی تیاری کا کام یعنی ای وی ایم کمیشننگ کا معائنہ کیا- معائنہ کے دوران ضلع مجسٹریٹ نے متعلقہ افسران اور ملازمین کو ہدایت دی کہ وہ الیکشن کمیشن آف انڈیا کی ہدایات پر مکمل عمل درآمد کو یقینی بنائیں اور ای وی ایم کمیشننگ کے تمام کاموں کو منصفانہ اور شفافیت کے ساتھ یقینی بنائیں۔ انہوں نے کمیشننگ میں مصروف تمام اہلکاروں کو ہدایت دی کہ کوئی بھی ملازم یا افسر کمیشننگ کے دوران کسی قسم کی سیاسی بحث نہیں کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ کمیشن کے تمام عمل کو انتہائی احتیاط کے ساتھ انجام دیا جائے۔ کمیشن کی ہدایات کی خلاف ورزی کرنے والے ملازمین/ افسران کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ اس موقع پر الیکشن کمیشن آف انڈیا کی طرف سے نامزد کردہ انجینئرز اور ان کی نگرانی کے لیے نامزد ٹیکنکل منیجر اروی سنگلا، ڈپٹی ڈسٹرکٹ الیکشن آفیسر/ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ایڈمنسٹریشن انیرودھ پرتاپ سنگھ، 54-فیض آباد کے تحت آنے والے ضلع کی چار اسمبلیوں اجودھیا، ردولی، ملکی پور، بیکا پور کے نائب ریٹرننگ آفیسر/ ڈپٹی ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ سمیت مختلف سیاسی پارٹیوں/ آزاد امیدواروں جیسے بھارتیہ جنتا پارٹی، بہوجن سماج پارٹی، سی پی آئی وغیرہ کے نمائندے و نامزد ایجنٹ موجود تھے۔